LUCKY CORE INDUSTRIES

**Lucky Core Industries Limited**
5 West Wharf, Karachi 74000
T +92 21 3231 3717-22
UAN 111 100 200
www.luckycore.com

**The General Manager**
Pakistan Stock Exchange Limited
Stock Exchange Building
Stock Exchange Road
Karachi

September 02, 2026
LCI/ComSec/40/2026

Dear Sir,

**NOTICE OF ANNUAL GENERAL MEETING OF LUCKY CORE INDUSTRIES LIMITED**

Enclosed please find the Notice of the 75th Annual General Meeting of Lucky Core Industries Limited scheduled to be held on September 25, 2026 at 10:00 a.m. at 5 West Wharf, Karachi and through video-conferencing.

The Notice will be dispatched to the Members and published in both, English and Urdu language newspapers on September 03, 2026.

You may please inform the TRE Certificate Holders of the Exchange accordingly.

Sincerely

Laila Bhatia Bawany
Company Secretary

Encl: As above

CC: **The Commissioner**
Company Law Division
Securities & Exchange Commission of Pakistan
NIC Building, 63 Jinnah Avenue
Islamabad

**The Director / HOD**
Surveillance, Supervision and Enforcement Department
Securities & Exchange Commission of Pakistan
NIC Building, 63 Jinnah Avenue
Islamabad

# Notice of 75th Annual General Meeting

Notice is hereby given that the 75th Annual General Meeting ("AGM") of Lucky Core Industries Limited (the "Company") will be held on Friday, September 25, 2026 at 10:00 a.m. at 5 West Wharf, Karachi and through video-conferencing.

Instructions with regard to participation appear in the notes below. While convening the AGM, the Company will observe the quorum provisions and will comply with all the regulatory requirements.

The AGM is being held to transact the following business:

**ORDINARY BUSINESS:**

1. To receive, consider, and adopt the annual audited financial statements of the Company for the year ended June 30, 2026, along with the Directors' and Auditors' Reports thereon.

   In accordance with Section 223 of the Companies Act, 2017 and pursuant to S.R.O. 389(I)/2023 dated March 21, 2023, the financial statements of the Company can be accessed through the following weblink and QR enabled code.

   https://www.luckycore.com/en/investors/financial-results

2. To declare and approve final cash dividend at 262.5% i.e. PKR 5.25/- per ordinary share of PKR 2/- each for the year ended June 30, 2026, as recommended by the Board of Directors. This is in addition to the interim cash dividend of 262.5% (i.e. PKR 5.25/- per ordinary share of PKR 2/- each) already paid.

3. To appoint auditors of the Company for FY 2026-27 and to fix their remuneration. The Board of Directors, on the recommendation of the Board Audit Committee of the Company, has proposed the re-appointment of M/s. A.F. Ferguson & Co. Chartered Accountants as auditors, for the year ending June 30, 2027.

**SPECIAL BUSINESS:**

4. To consider and if deemed fit, ratify and approve (as the case may be), by way of Special Resolutions, the following resolutions with respect to the related party transactions in terms of Sections 207 and/or 208 of the Companies Act, 2017 (to the extent applicable) (with or without modification):

   **RESOLVED THAT** the related parties' transactions, carried out by the Company with different related parties, to the aggregate extent of PKR 66,480,260,000/- (Pak Rupees Sixty Six Billion Four Hundred and Eighty Million Two Hundred and Sixty Thousand) during the year ended June 30, 2026 as reported in the financial statements for the said period, be and are hereby ratified and confirmed.

   **FURTHER RESOLVED THAT** the Company be and is hereby authorised to enter into arrangements or carry out transactions from time to time including, but not limited to, for the purchase and sale of goods, commodities and materials including chemicals, soda ash, polyester, electricity, cement, vehicles, or availing or rendering of services, payment of donations, investment in units of mutual funds or share subscription, with different related parties including, but not limited to, Lucky Cement Limited, Yunus Textile Mills Limited, Gadoon Textile Mills Limited, YB Pakistan Limited, Lucky Textile Mills Limited, Lucky Motors Corporation Limited, Lucky Investments Limited, Lucky Foods (Private) Limited, Lucky Commodities (Private) Limited, Lucky Landmark (Private) Limited, Tabba Heart Institute, Tabba Kidney Institute, Aziz Tabba Foundation, Global Commodities Limited, Lucky Core PowerGen Limited, Lucky TG (Private) Limited, Lucky Core Ventures (Private) Limited, Lucky Core Investments Limited, Lucky Core Foundation

and other related parties to the extent deemed fit and approved by the Board, during the financial year ending June 30, 2027. The Members have noted that for the aforesaid arrangements and transactions some or a majority of the Directors may be interested/deemed to be interested. Notwithstanding the same, the Members hereby grant an advance authorisation and approval to the Board of Directors of the Company, including under Sections 207 and / or 208 of the Companies Act, 2017 (to the extent applicable) to review and approve all related party transactions as per the quantum approved by the Board of Directors from time to time.

**FURTHER RESOLVED THAT** the related party transactions as aforesaid, for the period ending June 30, 2027, would subsequently be presented to the Members at the next Annual General Meeting for ratification and confirmation.

Attached to this notice is the Statement of Material Facts covering the above-mentioned Special Business, as required under Section 134(3) of the Companies Act, 2017.

By Order of the Board

September 03, 2026
Karachi

**Laila Bhatia Bawany**
Company Secretary

**Notes:**

1. **Closure of Share Transfer Books:**
   The Share Transfer Books of the Company will remain closed from September 19, 2026 to September 25, 2026 (both days inclusive). Share transfers received in order at the office of our Share Registrar, FAMCO Share Registration Services (Private) Limited, 8-F, Nursery, Block-6, P.E.C.H.S., Shahrah-e-Faisal, Karachi, by the close of business on September 18, 2026, will be considered as being in time, to entitle the transferees to the final cash dividend and to attend and vote at the AGM.

2. **Participation in the AGM via Physical Presence or Through Video Conferencing:**
   Members whose names appear in the Register of Members as of September 18, 2026, shall be entitled to attend and vote at the AGM. A Member entitled to attend and vote at the AGM is entitled to appoint a proxy to attend, speak and vote for him/her.

   An instrument of proxy applicable for the AGM is being provided with the Notice sent to Members. Further copies of the instrument of proxy may be obtained from the Registered Office of the Company during normal office hours, or downloaded from the Company's website: **www.luckycore.com**.

   An instrument of proxy and the power of attorney or other authority (if any) under which it is signed, or a certified true copy of such power or authority duly notarized, must be deposited through email on **general.meetings@luckycore.com** or at the registered address of the Company's Share Registrar, M/s. FAMCO Share Registration Services (Private) Limited, not less than forty-eight (48) hours before the time of AGM.

   To attend the AGM through video-conferencing facility, Members are requested to register themselves by providing the following information through email at **general.meetings@luckycore.com** at least forty-eight (48) hours before the AGM along with a valid copy of their CNIC.

| Name of Member | CNIC / NTN No. | Folio No. / CDC IAS A/C No. | Cell No. | Email Address |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

   Members submitting the above information will be registered, after necessary verification, and will be provided an online meeting link and login credentials by the Company via email. Only those Members/Proxies will be accepted at the AGM via video-conferencing whose names match the details shared with the Company for registration (as mentioned above). The login facility will remain open from 9:45 a.m. till the end of AGM.

3. **Guidelines for Central Depository Company of Pakistan Limited ('CDC') Investor Account Holders:**
   CDC Investor Account Holders will further have to follow the under-mentioned guidelines as laid down in Circular No. 1 dated January 26, 2000, issued by the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP).

   a. **for attending the AGM:**
      i. In case of individuals, the investor account holder or sub-account holder and / or the person whose securities are in group account and their registration details are uploaded as per the CDC Regulations, shall authenticate his / her identity by showing his / her original CNIC or valid passport at the time of attending the AGM.

      ii. In case of corporate entities, the Board of Directors' resolution / power of attorney with specimen signature of the nominee shall be produced at the time of the AGM.

   b. **for appointing Proxies:**
      i. In case of individuals, the investor account holder or sub-account holder and / or the person whose securities are in group account and their registration details are uploaded as per the Regulations, shall submit the proxy form as per the above requirement laid out in Note 2.

      ii. The proxy form shall be witnessed by two (2) persons whose names, addresses and CNIC numbers shall be mentioned on the form.

      iii. Attested copies of valid CNIC or passport of the beneficial owners and the proxy holder shall be furnished along with the proxy form.

      iv. The proxy shall produce his original CNIC or original passport at the time of the Meeting.

      v. In case of corporate entities, the Board of Directors' resolution / power of attorney with specimen signature shall be submitted along with the proxy form to the Company.

4. **Electronic Transmission of Annual Report 2026:**
In compliance with section 223(6) of the Companies Act, 2017, and pursuant to the S.R.O. 389(I)/2023 dated March 21, 2023 and S.R.O. 452(I)/2025 dated March 17, 2025, the Company has electronically transmitted the Annual Report 2026 through weblink, QR enabled code and through email to Members whose email addresses are available with the Company's Share Registrar, M/s. FAMCO Share Registration Services (Private) Limited. However, in cases where email addresses are not available with the Company's Share Registrar, printed copies of the notices of AGM along-with the QR enabled code/weblink to download the Annual Report 2026 (containing the financial statements), have been dispatched.

Notwithstanding the above, the Company will provide a hard copy of the Annual Report 2026 to any Member on their request, at their registered address, free of cost, within one (1) week of receiving such request. Further, Members are requested to kindly provide their valid email address (along with a valid CNIC copy) to the Company's Share Registrar, M/s. FAMCO Share Registration Services (Private) Limited, if the Member holds shares in physical form, or to the Member's respective Participant/Investor Account Services, if shares are held in book entry form.

5. **Submission of CNIC / NTN (Mandatory):**
Pursuant to the directives of the SECP, the dividends of Members whose valid CNIC or NTN (in case of corporate entities) are not available with the Share Registrar could be withheld. Members are therefore, requested to submit a copy of their valid CNIC or NTN (if not already provided) to the Company's Share Registrar, M/s. FAMCO Share Registration Services (Private) Limited.

6. **Dividend Mandate (Mandatory):**
In accordance with the provisions of Section 242 of the Companies Act, 2017, and Regulation 4 of the Companies (Distribution of Dividends) Regulations 2017, a listed company is required to pay cash dividend to the Members only through electronic mode directly into the bank account designated by the entitled Member. In compliance with the above law, in order to receive dividends directly in your bank account, you are requested to provide (if not already provided) the information mentioned in the Form placed at the Company's website www.luckycore.com to the brokers / CDC for shares held in the electronic form or to the Company's Shares Registrar, for shares held in physical form. In case of non-receipt of information, the Company will be constrained to withhold payment of dividend to Members.

7. **Treatment of Withholding Tax:**
Dividend income on shares is liable to deduction of withholding tax under Section 150 of the Income Tax Ordinance, 2001. Withholding of tax on dividend based on 'Active' and 'Non-Active' status of Members shall be @ 15% and 30% respectively. 'Active' means a person whose name appears on the Active Taxpayers List available at e-portal of FBR (http://www.fbr.gov.pk/) and 'Non-Active' means a person whose name does not appear on the Active Taxpayers List.

Further, according to clarification received from Federal Board of Revenue (FBR), withholding tax will be determined separately on Active / Non-Active status of principal Member as well as joint-holder(s) based on their shareholding proportions, in case of joint accounts. All Members who hold shares with joint Members are requested to provide shareholding proportions of principal Member and joint-Member(s) in respect of shares held by them to our share registrar, M/s. FAMCO Share Registration Services (Private) Limited before the close of business on September 18, 2026, as per the following format:

| Name of Principal Member/Joint Holders | Shareholding proportions (%) | CNIC No. (copy to be attached) | Folio / CDC Account No. | Total Shares | Signature |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

8. **Exemption from Deduction of Income Tax / Zakat:**
Members seeking exemption from deduction of income tax or those who are eligible for deduction at a reduced rate, are requested to submit a valid tax exemption certificate or necessary documentary evidence as the case may be. Members desiring no deduction of zakat are also requested to submit a valid declaration for non-deduction of zakat.

9. **Unclaimed Dividend / Shares under Section 244 of the Companies Act, 2017:**
An updated list for unclaimed dividend / shares of the Company is available on the Company's website **www.luckycore.com**. These are unclaimed dividend / shares which have remained unclaimed or unpaid for a period of three (3) years from the date these have become due and payable.

Claims can be lodged by Members on claim forms as are available on the Company's website. Claim forms must be submitted to the Company's Share Registrar, M/s. FAMCO Share Registration Services (Private) Limited for receipt of dividend / shares.

**10. Conversion of Physical Shares into the Book Entry Form:**

The SECP through its letter No. CSD/ED/Misc/2016-639-640 dated March 26, 2021 has advised listed companies to adhere to provisions of Section 72 of the Companies Act, 2017 by replacing physical shares issued by converting them into book entry form.

Members of the Company having physical folios / share certificates are requested to convert their shares from physical form into book-entry form as soon as possible. Members may contact their Broker, CDC Participant or CDC Investor Account Service Provider for assistance in opening a CDS Account and subsequent conversion of the physical shares into book-entry form. It would facilitate the Members in many ways including safe custody of shares, avoidance of formalities required for the issuance of duplicate shares, etc. For further information and assistance, Members may contact our Share Registrar, M/s. FAMCO Share Registration Services (Private) Limited.

**11. E-Voting / Postal Ballot:**

Pursuant to the Companies (Postal Ballot) Regulations, 2018 read with Sections 143 and 144 of the Companies Act, 2017 and S.R.O. 451(I)/2025 dated March 13, 2025, Members voting on items falling under Special Business will be allowed to exercise their right to vote through electronic voting facility and postal ballot. Voting shall be conducted in the manner and as per the procedures contained in the Regulations. Detailed procedures for voting by postal ballot are provided on the ballot paper, while instructions for electronic voting will be sent to the Members by the Company's Share Registrar.

There shall be no voting by show of hands at the general meeting for items falling under Special Business and Members who do not cast their vote through electronic voting or postal ballot in advance for the said items shall only be permitted to cast their vote at the general meeting by way of ballot paper.

**12. Requirement to Incorporate Email Address and Cell Number:**

Members are requested to have their updated email and cell number incorporated in their physical folio with the Share Registrar of the Company and with their Participant or Broker / CDC Investor Account Services for shares held in electronic form.

**13. Restriction on Distribution of Gifts to Members:**

The SECP, vide Circular No. 2 of 2018 dated February 9, 2018, and S.R.O. 452(I)/2025 dated March 17, 2025, has strictly prohibited companies from offering or distributing gifts, incentives, or any similar benefits (including but not limited to tokens, coupons, meals, or takeaway packages) to Members at or in connection with general meetings. In accordance with Section 185 of the Companies Act, 2017, any non-compliance with these directives constitutes a punishable offence, and companies found in violation may be subject to enforcement actions and penalties.

**STATEMENT OF MATERIAL FACTS UNDER SECTION 134(3) OF THE COMPANIES ACT, 2017 PERTAINING TO THE SPECIAL BUSINESS**

**Agenda Item no. 4**

This Statement sets out the material facts pertaining to Special Business Item Number 4 as described in the Notice of the 75th AGM of the Company.

The Company routinely enters into arrangements and carries out transactions with its related parties in accordance with its policies and the applicable laws and regulations. Certain related party transactions, in which a majority of the Directors are interested, would require Members' approval under Sections 207 and / or 208 (to the extent applicable) of the Companies Act, 2017, read with Regulation 15 of the Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations, 2019.

As some/majority of the Directors of the Company may be deemed to be interested in certain arrangements / transactions with related parties, including due to their shareholding or common directorships in related entities/parties, and to promote transparency, an approval from the Members was sought during the 74th AGM of the Company, held on September 26, 2025, where the Members (by way of passing special resolutions) authorised the Board of Directors to approve such related party transactions conducted by the Company during the financial year ended June 30, 2026 and such transactions were deemed to be approved by the Members. All the related party transactions including the nature of relationship and quantum, have been disclosed in Note 42 to the unconsolidated financial statements for the year ended June 30, 2026.

Related party transactions are in accordance with the Company's policy, these are primarily transactions conducted in the ordinary course of business and on an arm's length basis. Under the Company's policy for Related Party Transactions, all related party arrangements and transactions are reviewed periodically by the Board Audit Committee which is chaired by an Independent Director. Following review and recommendation by the Board Audit Committee, the said arrangements / transactions are placed before the Board of Directors for approval.

Accordingly, the Members are requested to ratify and confirm the transactions with related parties as disclosed in the financial statements of the Company for the year ended June 30, 2026.

Furthermore, the Company will be entering into arrangements and conducting transactions with its related parties which may include, but not limited to, those stipulated in the resolution, during the financial year ending June 30, 2027. As some or a majority of the Directors of the Company may be deemed to be interested in certain arrangements or transactions, inter alia, due to their shareholding or common directorships in related entities, an approval from the Members is being sought to authorise the Company to conduct such related party transactions and enter into arrangements with related parties, and further to authorise and grant power to the Board of Directors to approve related party transactions to be conducted by the Company during the financial year ending June 30, 2027 (irrespective of composition of the Board and interest of the Directors). The related party transactions as aforesaid for the year ending June 30, 2027 shall be deemed to have been approved by the Members.

The Members should note that it is not possible for the Company or the Directors to accurately predict the nature of related party arrangements / transactions, or the specific related parties with whom the transactions will be carried out. The transactions that may be carried out by the Company include, but are not limited to, purchase and sale of goods, commodities, and materials, including chemicals, soda ash, polyester, electricity, cement, vehicles, along with availing or rendering of services, payment of donations, investment in units of mutual funds or share subscription.

The Members should also note that, for the Special Resolutions described in the Notice of AGM, it is not possible for the Company to predict the quantum of related party transactions / arrangements to be undertaken in the period ending June 30, 2027; accordingly, the Members are also requested to authorise the Board of Directors to determine the quantum of the related party transactions / arrangements that may be undertaken from time to time. The Company will present the actual figures for subsequent ratification and confirmation by the Members, at the next AGM.

Based on the aforesaid the Members are requested to pass the Special Resolution (with or without modification) as stated in the Notice.

The Directors are interested in the resolutions only to the extent of their shareholdings and / or common directorships, (to the extent applicable) in such related party transactions.

# 75ویں سالانہ اجلاسِ عام کی اطلاع

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ لکی کور انڈسٹریز لمیٹڈ (''کمپنی'') کا 75واں سالانہ اجلاسِ عام (AGM) بروز جمعہ، 25 ستمبر 2026 کو صبح 10:00 بجے، 5 ویسٹ وہارف، کراچی پر اور ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے منعقد کیا جائے گا۔

ہدایات برائے شرکت درج ذیل نوٹس میں فراہم کی جارہی ہیں۔ سالانہ اجلاسِ عام کے انعقاد کے دوران، کمپنی کورم سے متعلق دفعات کی پابندی اور تمام قانونی تقاضوں کی تعمیل کرے گی۔

سالانہ اجلاسِ عام درج ذیل امور کی انجام دہی کے لیے منعقد کیا جارہا ہے:

**عمومی کاروبار**

1۔ 30 جون 2026 کو ختم شدہ سال کے لئے کمپنی کے آڈٹ شدہ سالانہ مالیاتی گوشواروں، بشمول ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی، ان پر غور وخوض اور منظوری۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 223 کے مطابق اور ایس آر او 2023/(1)389 بتاریخ 21 مارچ 2023 کی تعمیل میں کمپنی کے مالیاتی گوشواروں تک رسائی کمپنی کے درج ذیل ویب لنک اور QR کے حامل کوڈ کے ذریعے حاصل کی جاسکتی ہے۔

https://www.luckycore.com/en/investors/financial-results

2۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی تجویز کے مطابق، 30 جون 2026 کو ختم شدہ سال کے لئے -/2 روپے کے ہر عمومی شیئر پر 262.5 فیصد یعنی -/5.25 روپے فی شیئر کے حتمی نقد منافع منقسمہ کا اعلان اور منظوری دینا۔ یہ 262.5 فیصد (یعنی -/2 روپے کے ہر عمومی شیئر پر -/5.25 روپے) کے اس عبوری نقد منافع منقسمہ کے علاوہ ہے، جو پہلے ہی ادا کیا جاچکا ہے۔

3۔ مالی سال 27-2026 کے لئے کمپنی کے آڈیٹرز کی تعیناتی اور ان کے مشاہرے کا تعین کرنا۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے کمپنی کی بورڈ آڈٹ کمیٹی کی تجویز پر میسرز اے ایف فرگوسن اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس، کی 30 جون 2027 کو ختم ہونے والے سال کیلئے دوبارہ آڈیٹرز کے طور پر تقرری کی تجویز دی ہے۔

**خصوصی کاروبار**

4۔ درج ذیل قراردادوں پر، کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشنز 207 اور/یا 208 کے تحت (جہاں تک لاگو ہوں) متعلقہ پارٹیز ٹرانزیکشن کے حوالے سے خصوصی قراردادوں کے ذریعے (ترمیم کے ساتھ یا بلا ترمیم) غور وخوض کرنا اور مناسب سمجھنے پر توثیق کرنا اور منظوری دینا (جس صورت میں بھی ہو):

''قرار پایا کہ متعلقہ پارٹیز سے لین دین، جو کمپنی نے مختلف متعلقہ پارٹیز کے ساتھ انجام دیئے، جو سال ختم شدہ 30 جون 2026 کے دوران -/66,480,260,000 پاکستانی روپے (چھیاسٹھ بلین چار سو اسی ملین دو لاکھ ساٹھ ہزار پاکستانی روپے) کی مجموعی حد تک ہے، جیسا کہ مذکورہ عرصے کیلئے مالیاتی گوشواروں میں رپورٹ کیا گیا ہے، بذریعہ ہذا اس کی توثیق اور تصدیق کی جاتی ہے۔

مزید قرار پایا کہ کمپنی وقتاً فوقتاً انتظامات کرنے یا لین دین کرنے کی مجاز ہوگی اور اس میں بشمول، مگر ان تک محدود نہیں، سامان، اشیاء اور میٹریلز بشمول کیمیکلز، سوڈا ایش، پولیسٹر، الیکٹریسٹی، سیمنٹ، گاڑیوں کی خرید وفرخت یا خدمات کا حصول یا فراہمی، عطیات کی ادائیگی، میوچل فنڈز کے یونٹس میں سرمایہ کاری یا شیئر سبسکرپشن، مختلف متعلقہ فریقوں، بشمول مگر ان تک محدود نہیں، لکی سیمنٹ لمیٹڈ، یونس ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ، گدون ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ، وائی بی پاکستان لمیٹڈ، لکی ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ، لکی موٹرز کارپوریشن لمیٹڈ، لکی انویسٹمنٹس لمیٹڈ، لکی فوڈز (پرائیویٹ) لمیٹڈ، لکی کموڈیٹیز (پرائیویٹ) لمیٹڈ، لکی لینڈمارک (پرائیویٹ) لمیٹڈ، طبہ ہارٹ انسٹی ٹیوٹ، طبہ کڈنی انسٹی ٹیوٹ، عزیز طبہ فاؤنڈیشن، گلوبل کموڈیٹیز لمیٹڈ، لکی کور پاور جن لمیٹڈ، لکی ٹی جی (پرائیویٹ) لمیٹڈ، لکی کور وینچرز (پرائیویٹ) لمیٹڈ، لکی کور انویسٹمنٹس لمیٹڈ، لکی کور فاؤنڈیشن اور دیگر متعلقہ پارٹیز کے ساتھ 30 جون 2027 کو ختم ہونے والے مالی سال کے دوران کی ٹرانزیکشنز شامل ہوسکتی ہیں، جتنا بورڈ مناسب سمجھے اور منظوری دے۔ ممبران کے علم میں ہے کہ مذکورہ بالا انتظامات اور لین دین میں بعض ڈائریکٹرز یا ان کی اکثریت کی دلچسپی/خواہش متصور ہوسکتی ہے۔ اس کے باوجود، ممبران یہاں کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو پیشگی اختیار اور منظوری دیتے ہیں، بشمول کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 207 اور/یا 208 کے تحت (جہاں تک لاگو ہوں) تاکہ وہ بورڈ کی جانب سے وقتاً فوقتاً منظور کردہ مقدار کے حساب سے تمام متعلقہ پارٹی ٹرانزیکشنز کا جائزہ لیں اور منظوری دیں۔

مزید قرار پایا کہ 30 جون 2027 کو ختم ہونے والی مدت کے لئے مذکورہ بالا متعلقہ پارٹی ٹرانزیکشنز بعد ازاں آئندہ سالانہ اجلاس عام میں توثیق اور تصدیق کے لئے ممبران کو پیش کی جائیں گی۔''

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3)134 کے تحت مذکورہ بالا خصوصی قرارداد پر مشتمل اصل حقائق پر مبنی اسٹیٹمنٹ اس نوٹس کے ساتھ منسلک ہے۔

حسب الحکم بورڈ

لیلیٰ بھالیہ باوانی
کمپنی سیکریٹری

3 ستمبر 2026
کراچی

**نوٹس:**

**1۔ شیئر ٹرانسفر بکس کی بندش:**

کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس 19 ستمبر 2026 تا 25 ستمبر 2026 (دونوں دن شامل ہیں) بند رہیں گی۔ ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ، F-8، نرسری، بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہ فیصل، کراچی کے آفس میں 18 ستمبر 2026 کو کاروبار کے اختتام تک وصول ہونے والے شیئر ٹرانسفرز کو حتمی نقد منافع منقسمہ کی منتقلی کا حق دار اور سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت اور ووٹ دینے کے لئے بروقت تصور کیا جائے گا۔

**2۔ بذات خود یا ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے اجلاس میں شرکت:**

18 ستمبر 2026 کو ممبران کے رجسٹر میں جن ممبران کے نام موجود ہوں گے، وہ اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کے حقدار ہوں گے۔ اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کے اہل ممبر کو اجلاس میں شرکت، بولنے اور ووٹ دینے کے لئے کسی کو بطور نمائندہ (پراکسی) مقرر کرنے کا حق حاصل ہوگا۔

ممبران کو اجلاس کے لئے مؤثر پراکسی دستاویز اس نوٹس کے ساتھ بھجوائی جارہی ہے۔ پراکسی دستاویز کی مزید کاپیاں کمپنی کے رجسٹرڈ آفس سے کام کے عمومی اوقات میں حاصل کی جاسکتی ہیں۔ پراکسی فارم کمپنی کی ویب سائٹ www.luckycore.com سے بھی ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔

پراکسی دستاویز اور پاور آف اٹارنی یا دیگر کوئی مختار نامہ (اگر کوئی ہو) جس پر اس مقصد کے لیے دستخط ہوں یا ایسے کسی پاور یا مختار نامے کی نوٹری کے ذریعے تصدیق شدہ کاپی، سالانہ اجلاسِ عام سے کم از کم 48 گھنٹے قبل general.meetings@luckycore.com پر ای میل کئے جاسکتے ہیں یا کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے رجسٹرڈ پتے پر بھیجے جاسکتے ہیں۔

ویڈیو کانفرنسنگ کی سہولت کے ذریعے سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے لئے، ممبران سے گزارش کی جاتی ہے کہ اجلاس سے کم از کم 48 گھنٹے قبل general.meetings@luckycore.com پر ای میل کے ذریعے درج ذیل معلومات، اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی ایک موثر کاپی کے ساتھ، فراہم کرکے خود کو رجسٹر کروائیں:

| شیئر ہولڈر کا نام | سی این آئی سی / این ٹی این نمبر | فولیو نمبر / سی ڈی سی IAS اکاؤنٹ نمبر | موبائل نمبر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

درج بالا معلومات جمع کروانے والے ارکان کو ضروری تصدیق کے بعد رجسٹر کرلیا جائے گا اور کمپنی ای میل کے ذریعے انہیں آن لائن میٹنگ کا لنک اور لاگ ان کی تفصیلات (کریڈنشلز) فراہم کرے گی۔ اے جی ایم (AGM) میں ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے صرف ان ارکان یا پراکسیز کو قبول کیا جائے گا جن کے نام رجسٹریشن کے لیے کمپنی کے ساتھ شیئر کی گئی تفصیلات (جیسا کہ اوپر ذکر کیا گیا ہے) سے مطابقت رکھتے ہوں گے۔ لاگ ان کی سہولت صبح 9:45 بجے سے لے کر اے جی ایم کے اختتام تک کھلی رہے گی۔

**3۔ سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ (CDC) کے انویسٹر اکاؤنٹ ہولڈرز کی رہنمائی کے لیے ہدایات:**

سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ ہولڈرز کو سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی جانب سے جاری کردہ سرکلر نمبر 1 بتاریخ 26 جنوری 2000 کے مطابق درج ذیل ہدایات پر بھی عمل کرنا ہوگا:

**(الف) سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے لیے:**

(I) انفرادی صورت میں انویسٹر اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر یا وہ فرد جس کی سیکورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات سی ڈی سی کے ضوابط کے مطابق اپ لوڈ ہو چکی ہیں، سالانہ اجلاس عام کے وقت اپنا اصل سی این آئی سی یا موثر پاسپورٹ دکھا کر اپنی شناخت کی تصدیق کروائیں گے۔

(II) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی، نامزد فرد کے دستخط کے نمونہ کے ساتھ اجلاس کے وقت پیش کرنا ہوگا۔

**(ب) پراکسی کے تقرر کے لیے:**

(I) انفرادی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور/یا وہ فرد جس کی سیکورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات ضوابط کے مطابق اپ لوڈ ہو چکی ہیں، نوٹ 2 میں بیان کردہ مندرجہ بالا ہدایات کے مطابق پراکسی فارم جمع کروائیں گے۔

(II) پراکسی فارم کے لیے 2 گواہان ضروری ہیں، جن کے نام، پتے اور سی این آئی سی نمبر، فارم پر درج ہوں۔

(III) بینیفیشل اونرز اور پراکسی ہولڈر کے موثر سی این آئی سی یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں پراکسی فارم کے ساتھ جمع کرانی ہوں گی۔

(IV) پراکسی کو اپنا اصل سی این آئی سی یا پاسپورٹ اجلاس کے وقت پیش کرنا ہوگا۔

(V) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں پراکسی فارم، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی اور دستخط کے نمونے کے ساتھ کمپنی کے پاس جمع کرانا ہوگا۔

**4۔ سالانہ رپورٹ 2026 کی الیکٹرانک ترسیل:**

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 223(6) کی تعمیل میں اور ایس آر او 389(1)/2023 بتاریخ 21 مارچ 2023 اور ایس آر او 452(I)/2025 بتاریخ 17 مارچ 2025 کے مطابق کمپنی نے ان ممبرز کو سالانہ رپورٹ 2026ء ویب لنک، QR کے حامل کوڈ اور ای میل کے ذریعے برقی ترسیل سے بھیج دی ہے، جن کے ای میل ایڈریس کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے پاس موجود ہیں۔ تاہم ایسے ممبران کو، جن کے ای میل ایڈریس کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے پاس موجود نہیں، سالانہ اجلاسِ عام کے نوٹس کی طبع شدہ نقول، سالانہ رپورٹ 2026 (بشمول مالیاتی گوشوارے) ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے QR کے حامل کوڈ/ویب لنک کے ساتھ ارسال کر دی گئی ہیں۔

مندرجہ بالا کے باوجود، کمپنی سالانہ رپورٹ 2026 کی ایک ہارڈ کاپی، کسی بھی ممبر کی درخواست پر، ان کے رجسٹرڈ پتے پر ایسی درخواست موصول ہونے کے ایک (1) ہفتے کے اندر بلا قیمت فراہم کرے گی۔ مزید براں فزیکل فارم میں شیئرز رکھنے والے ممبران سے گزارش کی جاتی ہے کہ براہ مہربانی اپنا موئثر ای میل ایڈریس (اپنے موئثر CNIC کی کاپی کے ہمراہ) کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو فراہم کریں جبکہ بک انٹری فارم میں شیئرز رکھنے والے ممبران اپنے متعلقہ پارٹیسپنٹ/انویسٹر اکاؤنٹ سروسز کو فراہم کریں۔

**5۔ CNIC/NTN جمع کرانا (لازمی):**

''ایس ای سی پی'' کی ہدایات کی روشنی میں، ان شیئر ہولڈرز کے ڈیویڈنڈ کی ادائیگی، جن کے موئثر سی این آئی سی یا این ٹی این (کارپوریٹ ادارے کی صورت میں) شیئرز رجسٹرار کے پاس موجود نہیں، روکی جاسکتی ہے۔ اس لئے ممبران سے گزارش کی جاتی ہے کہ وہ اپنے موئثر سی این آئی سی یا این ٹی این کی کاپی (اگر پہلے فراہم نہیں کی گئی تو) کمپنی کے شیئر رجسٹرار، میسرز فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے پاس جمع کرادیں۔

6۔ **ڈیویڈنڈ مینڈیٹ (لازمی):**
کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 242 اور کمپنیز (ڈسٹری بیوشن آف ڈیویڈنڈز) ریگولیشنز 2017 کے ریگولیشن 4 کی شقوں کے مطابق، کسی بھی لسٹڈ کمپنی کے لیے لازم ہے کہ اپنے ممبرز کو نقد منافع منقسمہ کی ادائیگی صرف اسی کے فراہم کردہ بینک اکاؤنٹ میں الیکٹرانک انداز سے ہی انجام دے۔ مذکورہ بالا قانون کی تعمیل میں، اپنے بینک اکاؤنٹ میں براہ راست منافع منقسمہ وصول کرنے کے لیے، آپ سے گزارش کی جاتی ہے کہ کمپنی کی ویب سائٹ www.luckycore.com پر موجود فارم میں درج معلومات (اگر پہلے فراہم نہیں کی گئیں تو) الیکٹرانک صورت میں شیئرز رکھنے والے اپنے بروکرز/سی ڈی سی کو فراہم کریں جبکہ فزیکل صورت میں شیئرز رکھنے والے کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو فراہم کریں۔ معلومات موصول نہ ہونے کی صورت میں کمپنی شیئر ہولڈرز کو منافع منقسمہ کی ادائیگی روکنے پر مجبور ہوگی۔

7۔ **ودہولڈنگ ٹیکس کا طریقہ کار:**
انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے سیکشن 150 کے تحت شیئرز کے منافع منقسمہ کی آمدنی پر ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی لاگو ہوتی ہے۔ ڈیویڈنڈ پر ودہولڈنگ ٹیکس کا نفاذ ممبرز کے ''ایکٹیو'' اور ''نان ایکٹیو'' اسٹیٹس کی بنیاد پر بالترتیب 15 فیصد اور 30 فیصد کے حساب سے ہوگا۔ ایکٹیو سے مراد وہ فرد ہے جس کا نام ایف بی آر کے ای پورٹل (http://www.fbr.gov.pk) پر ایکٹیو ٹیکس پیئرز لسٹ میں موجود ہو اور نان ایکٹیو سے مراد وہ فرد ہے جس کا نام ایکٹیو ٹیکس پیئرز لسٹ میں موجود نہ ہو۔

مزید براں، فیڈرل بورڈ آف ریونیو (FBR) کی جانب سے موصول ہونے والی وضاحت کے مطابق، جوائنٹ اکاؤنٹ کی صورت میں ودہولڈنگ ٹیکس کا نفاذ پرنسپل ممبر اور جوائنٹ ہولڈرز پر انکے شیئر ہولڈنگ تناسب کی بنیاد پر ایکٹیو/نان ایکٹیو اسٹیٹس کے لحاظ سے الگ الگ ہوگا۔ جوائنٹ ممبرز کے ساتھ شیئر رکھنے والے تمام ممبرز سے گزارش کی جاتی ہے کہ وہ پرنسپل ممبر اور جوائنٹ ممبرز کے شیئر ہولڈنگ تناسب کی معلومات ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے پاس ذیل میں درج طریقہ کار کے تحت 18 ستمبر 2026 کو کاروبار بند ہونے سے پہلے فراہم کردیں:

| پرنسپل شیئر ہولڈر/جوائنٹ شیئر ہولڈرز کا نام | شیئر ہولڈنگ تناسب % | CNIC نمبر (کاپی منسلک کریں) | فولیو/CDC اکاؤنٹ نمبر | ٹوٹل شیئرز | دستخط |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

8۔ **انکم ٹیکس/زکوۃ کی کٹوتی سے استثنیٰ:**
ممبران جو انکم ٹیکس کی کٹوتی سے استثنیٰ کے خواہشمند ہیں یا وہ جو رعایتی شرح پر کٹوتی کے اہل ہیں، ان سے گزارش کی جاتی ہے کہ وہ ٹیکس سے استثنیٰ کا موثر سرٹیفکیٹ یا ضروری دستاویزی ثبوت (حسب معاملہ) جمع کرائیں۔ وہ ممبران جو زکوۃ کی کٹوتی نہیں چاہتے، ان سے گزارش کی جاتی ہے کہ زکوۃ کی کٹوتی سے استثنیٰ کا موثر اعلامیہ جمع کرائیں۔

9۔ **کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 244 کے تحت غیر دعویٰ شدہ ڈیویڈنڈ/شیئرز:**
کمپنی کے غیر دعویٰ شدہ ڈیویڈنڈ/شیئرز کی اپ ڈیٹڈ لسٹ کمپنی کی ویب سائٹ www.luckycore.com پر موجود ہے۔ یہ ایسے غیر دعویٰ شدہ ڈیویڈنڈ/شیئرز ہیں، جو اپنے قابل ادائیگی اور واجب الادا ہو جانے کے بعد تین (3) سال کی مدت کے لیے غیر دعویٰ شدہ یا غیر ادا شدہ رہے ہیں۔

کمپنی کی ویب سائٹ پر موجود کلیم فارمز پر ممبرز کی جانب سے دعویٰ داخل کیا جاسکتا ہے۔ ڈیویڈنڈ/شیئرز کی وصولی کے لئے کلیم فارم لازمی طور پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار، میسرز فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے پاس جمع کرائے جائیں۔

10۔ **فزیکل شیئرز کی بک انٹری فارم میں تبدیلی:**
سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے اپنے خط نمبر CSD/ED/Misc/2016-639-640 بتاریخ 26 مارچ 2021 کے ذریعے لسٹڈ کمپنیز کو ہدایت کی ہے کہ وہ اپنے جاری کردہ فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کر کے کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 72 کی شقوں کی پابندی کریں۔

کمپنی کے فزیکل فولیو/شیئر سرٹیفکیٹ رکھنے والے ممبرز سے گزارش کی جاتی ہے کہ جلد سے جلد اپنے فزیکل فارم والے شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرالیں۔ ممبرز اپنے بروکر، سی ڈی سی پارٹیسپنٹ یا سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ سروس پرووائیڈر سے سی ڈی ایس اکاؤنٹ کھولنے اور بعد ازاں فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرانے میں مدد لے سکتے ہیں۔ اس سے ممبرز کو شیئرز کی محفوظ تحویل سمیت کئی حوالوں سے سہولت ملے گی اور ڈپلیکیٹ شیئرز کے اجراء وغیرہ کے لئے درکار رسمی کارروائیوں سے بھی بچ سکیں گے۔ مزید معلومات اور معاونت کے لئے شیئر ہولڈرز ہمارے شیئر رجسٹرار، میسرز فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

11۔ **ای ووٹنگ/پوسٹل بیلٹ:**
کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کی تعمیل میں جو کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 143 اور 144 اور ایس آر او 451(I)/2025 بتاریخ 13 مارچ 2025 کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے گا، ممبران کو خصوصی امور کے ذیل میں آنے والے نکات (آئٹمز) پر الیکٹرانک ووٹنگ فیسیلٹی اور پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹ دینے کا حق استعمال کرنے کی اجازت دی جائے گی۔ ووٹنگ متعلقہ ریگولیشنز میں درج لوازمات اور طریقہ کار کے مطابق ہوگی۔ پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹنگ کے تفصیلی طریقہ کار بیلٹ پیپر پر فراہم کیے گئے ہیں، جبکہ الیکٹرانک ووٹنگ کے لیے ہدایات کمپنی کے شیئر رجسٹرار کی جانب سے ممبران کو بھیجی جائیں گی۔

اجلاس عام کے دوران خصوصی امور کے ذیل میں آنے والے نکات (آئٹمز) پر ہاتھ اٹھا کر ووٹنگ نہیں ہوگی اور وہ اراکین جو الیکٹرانک ووٹنگ یا ڈاک کے ذریعے مذکورہ نکات (آئٹمز) پر پیشگی ووٹ نہیں دیتے، انہیں صرف بیلٹ پیپر کے ذریعے اجلاس عام میں ووٹ دینے کی اجازت ہوگی۔

12۔ **ای میل ایڈریس اور موبائل نمبر درج کرنے کی شرط:**
ممبران سے گزارش کی جاتی ہے کہ وہ کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو اپنے فزیکل فولیو کے لئے اپ ڈیٹ شدہ ای میل اور موبائل فون نمبر فراہم کریں اور الیکٹرانک شکل میں شیئرز کی صورت میں اپنے پارٹیسپنٹ یا بروکر/سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ سروسز کو فراہم کریں۔

13۔ **ممبران میں تحائف کی تقسیم پر پابندی:**
''ایس ای سی پی'' نے 2018 کے سرکلر نمبر 2، بتاریخ 9 فروری، 2018 اور ایس آر او 452(I)/2025 بتاریخ 17 مارچ، 2025 کے ذریعے، کمپنیوں کو ممبران کو اجلاس ہائے عام میں یا اس کے حوالے سے تحائف، مراعات، یا کسی بھی قسم کے ملتے جلتے فوائد (بشمول لیکن ان تک محدود نہیں، ٹوکن، کوپن، بعام یا ٹیک اوے پیکجز) پیش کرنے یا تقسیم کرنے کی سختی کے ساتھ ممانعت کی ہے۔ کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 185 کے مطابق ان ہدایات کی عدم تعمیل ایک قابل سزا جرم ہے اور خلاف ورزی کرنے والی کمپنیوں کے خلاف تادیبی کارروائیاں اور جرمانے عائد کیے جاسکتے ہیں۔

LUCKY CORE INDUSTRIES

# Ballot Paper

## LUCKY CORE INDUSTRIES LIMITED

Registered Office Address: 5 West Wharf, Karachi 74000
UAN: 111 100 200 | www.luckycore.com

Ballot paper for voting through post for the poll to be held at the Annual General Meeting of Lucky Core Industries Limited scheduled on Friday, September 25, 2026 at 10:00 A.M. at 5 West Wharf, Karachi, and through video conferencing.

**Contact Details of the Chairman at which the duly filled-in ballot paper may be sent:**
Address: The Chairman, Lucky Core Industries Limited, 5 West Wharf, Karachi. "Attention to the Company Secretary"
Designated Email Address: **general.meetings@luckycore.com.**

| | |
|---|---|
| Name of Shareholder/Joint Shareholders | |
| Registered Address of Shareholder | |
| Number of Shares Held and Folio Number | |
| CNIC Number (copy to be attached) | |
| Additional Information and Enclosures (in case of representative of body corporate, corporation and Federal Government). | |

I/we hereby exercise my/our vote in respect of the following Special Business through postal ballot by conveying my/our assent or dissent to the following resolution by placing tick (✓) mark in the appropriate box below:

| S. No. | Nature and Description of Resolution | No. of Ordinary Shares for which Votes Cast | I/We assent to the Resolution (FOR) | I/We dissent to the Resolution (AGAINST) |
|---|---|---|---|---|
| 1. | "**RESOLVED THAT** the related parties' transactions, carried out by the Company with different related parties, to the aggregate extent of PKR 66,480,260,000/- (Pak Rupees Sixty Six Billion Four Hundred and Eighty Million Two Hundred and Sixty Thousand) during the year ended June 30, 2026 as reported in the financial statements for the said period, be and are hereby ratified and confirmed.<br><br>**FURTHER RESOLVED THAT** the Company be and is hereby authorised to enter into arrangements or carry out transactions from time to time including, but not limited to, for the purchase and sale of goods, commodities and materials including chemicals, soda ash, polyester, electricity, cement, vehicles, or availing or rendering of services, payment of donations, investment in units of mutual funds or share subscription, with different related parties including, but not limited to, Lucky Cement Limited, Yunus Textile Mills Limited, Gadoon Textile Mills Limited, YB Pakistan Limited, Lucky Textile Mills Limited, Lucky Motors Corporation Limited, Lucky Investments Limited, Lucky Foods (Private) Limited, Lucky Commodities (Private) Limited, Lucky Landmark (Private) Limited, Tabba Heart Institute, Tabba Kidney Institute, Aziz Tabba Foundation, Global Commodities Limited, Lucky Core PowerGen Limited, Lucky TG (Private) Limited, Lucky Core Ventures (Private) Limited, Lucky Core Investments Limited, Lucky Core Foundation and other related parties to the extent deemed fit and approved by the Board, during the financial year ending June 30, 2027. The Members have noted that for the aforesaid arrangements and transactions some or a majority of the Directors may be interested/deemed to be interested. Notwithstanding the same, the Members hereby grant an advance authorisation and approval to the Board of Directors of the Company, including under Sections 207 and / or 208 of the Companies Act, 2017 (to the extent applicable) to review and approve all related party transactions as per the quantum approved by the Board of Directors from time to time.<br><br>**FURTHER RESOLVED THAT** the related party transactions as aforesaid, for the period ending June 30, 2027, would subsequently be presented to the Members at the next Annual General Meeting for ratification and confirmation." | | | |

______________________________

Signature of Shareholder(s)/Proxy Holder/Authorized Signatory

Date:

**NOTES:**
1. Duly filled postal ballot should be sent to the Chairman at 5 West Wharf, Karachi or through email at **general.meetings@luckycore.com**.
2. A copy of the CNIC should be enclosed with the postal ballot form.
3. Postal ballot forms should reach the Chairman of the meeting on or before Thursday, September 24, 2026, up till 5:00 p.m. Any postal ballot received after this date and time, will not be considered for voting.
4. Signature on the postal ballot should match the signature on the CNIC.
5. Incomplete, unsigned, incorrect, defaced, torn, mutilated, and over written ballot paper will be rejected.
6. Ballot paper has also been placed on the website of the Company at **www.luckycore.com**. Members may download the ballot paper from the website or use the original/photocopy published in the newspaper.

LUCKY CORE INDUSTRIES

# بیلٹ پیپر

## لکی کور انڈسٹریز لمیٹڈ

رجسٹرڈ دفتری پتہ: 5 ویسٹ وہارف، کراچی 74000

یو اے این: 111-100-200 | www.luckycore.com

لکی کور انڈسٹریز لمیٹڈ کے بروز جمعہ، بتاریخ 25 ستمبر 2026ء کو صبح 10:00 بجے، 5 ویسٹ وہارف، کراچی میں اور بذریعہ وڈیو کانفرنسنگ، سالانہ اجلاس عام کے موقع پر ہونے والی رائے شماری میں ڈاک کے ذریعے رائے دہی کے لیے بیلٹ پیپر۔

**چیئرمین سے رابطے کی تفصیلات، جہاں باقاعدہ پُر شدہ بیلٹ پیپر بھیجا جاسکتا ہے:**

پتہ: چیئرمین، لکی کور انڈسٹریز لمیٹڈ، 5 ویسٹ وہارف، کراچی۔ ''برائے توجہ کمپنی سیکرٹری''

مختص شدہ ای میل ایڈریس: general.meetings@luckycore.com

| | |
|---|---|
| شیئر ہولڈر/جوائنٹ شیئر ہولڈرز کا نام | |
| شیئر ہولڈر کا رجسٹرڈ پتہ | |
| حصص کی تعداد اور فولیو نمبر | |
| کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ نمبر (کاپی منسلک کی جائے) | |
| اضافی معلومات اور انکلوژرز (باڈی کارپوریٹ، کارپوریشن اور وفاقی حکومت کے نمائندے کی صورت میں) | |

میں/ہم مندرجہ ذیل خصوصی امور کے سلسلے میں ذیل میں موزوں باکس میں ٹک (✓) کا نشان لگا کر مندرجہ ذیل قرارداد پر اپنی رضامندی یا اختلاف کا اظہار کرتے ہیں:

| نمبر شمار | قرارداد کی نوعیت اور تفصیل | عمومی حصص کی تعداد جن کے لیے ووٹ ڈالے گئے | میں/ہم قرارداد سے اتفاق کرتے ہیں (منظور) | میں/ہم قرارداد سے اختلاف کرتے ہیں (نامنظور) |
|---|---|---|---|---|
| 1. | ''قرار پایا کہ متعلقہ پارٹیز سے لین دین، جو کمپنی نے مختلف متعلقہ پارٹیز کے ساتھ انجام دیئے، جو سال ختم شدہ 30 جون 2026 کے دوران -/66,480,260,000 پاکستانی روپے (چھیاسٹھ بلین چار سو اسی ملین دو لاکھ ساٹھ ہزار پاکستانی روپے) کی مجموعی حد تک ہے ، جیسا کہ مذکورہ عرصے کیلئے مالیاتی گوشواروں میں رپورٹ کیا گیا ہے، بذریعہ ہذا اس کی توثیق اور تصدیق کی جاتی ہے۔<br><br>مزید قرار پایا کہ کمپنی وقتاً فوقتاً انتظامات کرنے یا لین دین کرنے کی مجاز ہوگی اور اس میں بشمول، مگر ان تک محدود نہیں، سامان، اشیاء اور مٹیریلز بشمول کیمیکلز، سوڈا ایش، پولیئسٹر، الیکٹریسٹی، سیمنٹ، گاڑیوں کی خرید و فرخت یا خدمات کا حصول یا فراہمی، عطیات کی ادائیگی، میوچل فنڈز کے یونٹس میں سرمایہ کاری یا شیئر سبسکرپشن، مختلف متعلقہ فریقوں، بشمول مگر ان تک محدود نہیں، لکی سیمنٹ لمیٹڈ، یونس ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ، گدون ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ، وائی بی پاکستان لمیٹڈ، لکی ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ، لکی موٹرز کارپوریشن لمیٹڈ، لکی انویسٹمنٹس لمیٹڈ، لکی فوڈز (پرائیویٹ) لمیٹڈ، لکی کموڈیٹیز (پرائیویٹ) لمیٹڈ، لکی لینڈمارک (پرائیویٹ) لمیٹڈ، طبہ ہارٹ انسٹی ٹیوٹ، طبہ کڈنی انسٹی ٹیوٹ، عزیز طبہ فاؤنڈیشن، گلوبل کموڈیٹیز لمیٹڈ، لکی کور پاور جن لمیٹڈ، لکی ٹی جی (پرائیویٹ) لمیٹڈ، لکی کور وینچرز (پرائیویٹ) لمیٹڈ، لکی کور انویسٹمنٹس لمیٹڈ، لکی کور فاؤنڈیشن اور دیگر متعلقہ پارٹیز کے ساتھ 30 جون 2027 کو ختم ہونے والے مالی سال کے دوران کی ٹرانزیکشنز شامل ہو سکتی ہیں، جتنا بورڈ مناسب سمجھے اور منظوری دے۔ ممبران کے علم میں ہے کہ مذکورہ بالا انتظامات اور لین دین میں بعض ڈائریکٹرز یا ان کی اکثریت کی دلچسپی/خواہش متصور ہو سکتی ہے۔ اس کے باوجود، ممبران یہاں کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو پیشگی اختیار اور منظوری دیتے ہیں، بشمول کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 207 اور/یا 208 کے تحت (جہاں تک لاگو ہوں) تا کہ وہ بورڈ کی جانب سے وقتاً فوقتاً منظور کردہ مقدار کے حساب سے تمام متعلقہ پارٹی ٹرانزیکشنز کا جائزہ لیں اور منظوری دیں۔<br><br>مزید قرار پایا کہ 30 جون 2027 کو ختم ہونے والی مدت کے لئے مذکورہ بالا متعلقہ پارٹی ٹرانزیکشنز بعدازاں آئندہ سالانہ اجلاس عام میں توثیق اور تصدیق کے لئے ممبران کو پیش کی جائیں گی۔'' | | | |

---

شیئر ہولڈر(ز)/پراکسی ہولڈر/مجاز دستخط کنندہ کے دستخط

تاریخ:

نوٹس:

1۔ باقاعدہ پُر شدہ پوسٹل بیلٹ چیئرمین کو ''5 ویسٹ وہارف، کراچی'' کے پتے پر یا ای میل کے ذریعے general.meetings@luckycore.com پر بھیجا جائے۔
2۔ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی کاپی پوسٹل بیلٹ فارم کے ساتھ منسلک کی جائے۔
3۔ پوسٹل بیلٹ فارم بروز جمعرات، 24 ستمبر 2026ء کو شام 5:00 بجے تک یا اس سے پہلے اجلاس کے چیئرمین کے پاس پہنچ جانے چاہئیں۔ اس تاریخ اور وقت کے بعد موصول ہونے والے کسی بھی پوسٹل بیلٹ کو ووٹنگ کے لیے زیر غور نہیں لایا جائے گا۔
4۔ پوسٹل بیلٹ پر کیے گئے دستخط، کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ پر دستخط سے مطابقت رکھتے ہوں۔
5۔ نامکمل، غیر دستخط شدہ، غلط، ناکارہ، پھٹے ہوئے، مسخ شدہ یا دہری لکھائی والے بیلٹ پیپر کو مسترد کر دیا جائے گا۔
6۔ بیلٹ پیپر کمپنی کی ویب سائٹ www.luckycore.com پر بھی موجود ہے۔ ممبران ویب سائٹ سے بیلٹ پیپر ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں یا اخبار میں شائع شدہ اصل/فوٹو کاپی استعمال کر سکتے ہیں۔